© rasailojaraid.com

ہمارا ذخیرۂ احادیث صرف علماء اور عربی خواں حضرات کے لئے مخصوص تھا۔ مگر اب بحمد للہ یہ سرمایہ اُردو میں منتقل ہونا شروع ہو گیا ہے اور اس کا یقیناً مسلمانوں کی عام دینی زندگی اور مذہبی فکر و شعور پر اچھا اثر پڑے گا ضرورت اس کی ہے کہ مسلمان ان کتابوں کا مطالعہ کریں اور اپنی روز مرّہ کی مصروفیات میں سے چند لمحے روزانہ ان کتابوں کے مطالعہ کے لئے بھی پابندی سے نکالیں، شروع میں مولانا ابو الحسن علی کے قلم سے ایک مختصر مقدمہ بھی ہے۔

حیاتِ وحید الزماں تقطیع کلاں ضخامت ۱۶۵ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت للعہ پتہ:- نور محمد اصح المطابع و کارخانۂ تجارت کتب آرام باغ کراچی۔

مولانا وحید الزماں وقار نواز جنگ حیدر آباد کے بڑے فاضل اور صاحب علم بزرگ تھے سنہ ۱۹۲۰ء میں وفات پائی، علومِ اسلامیہ و دینیہ میں کامل دستگاہ رکھتے تھے اور مولانا فضل الرحمٰن صاحب گنج مراد آبادی کے حلقۂ ارشاد و ہدایت سے وابستہ ہونے کے باعث اہلِ دل اور صاحبِ باطن بھی تھے۔

مولانا کا خاص ذوق علومِ قرآن و حدیث کو اُردو میں منتقل کرنا تھا چناں چہ ان کی اکثر کتابیں اسی سلسلہ کی ہیں ان میں اہم کارنامہ صحاح ستہ کا اردو میں ترجمہ، تبویب القرآن اور وحید اللغات ہے جو ۲۸ جلدوں میں ہے۔ اردو کے علاوہ موصوف نے عربی میں بھی چند رسالے لکھے ہیں جو فقہ پر ہیں۔ مولانا عبد الحلیم چشتی نے اس کتاب میں موصوف کے سوانح اور علمی کارنامے بڑی تحقیق اور جامعیت سے بیان کئے ہیں اور بڑا کمال یہ ہے کہ علمی دیانت کو کہیں ہاتھ سے نہیں جانے دیا چناں چہ مولانا مرحوم کی تالیفات پر تبصرے کے سلسلے میں لائق مصنف کو جہاں کچھ امور قابلِ اعتراض نظر آئے انھوں نے اس کی صاف نشان دہی کی ہے۔ سوانح نگاری کا یہ خالص علمی اور غیر جانب دارانہ طریقہ اس عہد کے بہت سے سوانح نگاروں کے لئے سبق آموز ہوگا۔ امید ہے کہ اربابِ ذوق اس کتاب کی قدر کریں گے۔

تاریخ لیلی ترجمہ المنبہات۔ تالیف زین القضاۃ احمد بن محمد الحجّی۔

© rasailojaraid.com